بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمْ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

۱۔ صبح کا اٹھنا

نَوْمُ الصُّبْحَۃِ یَمْنَعُ الرِّزْقَ
(مسند احمد)

صبح کے وقت کا سونا رزق کو روکتا ہے۔
(سویرے اٹھو)

۲۔ سلام

اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ
(ترمذی)

بات کرنے سے پہلے سلام کرو۔

۳۔ طہارت وصفائی

اَلطُّھُوْرُ شَطْرُالْاِیْمَانِ
(مسند احمد)

پاکی آدھا ایمان ہے۔

۴۔ وضو

اَلْوُضُوْءُ مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ
(ویلمی)

وضو نماز کی کنجی ہے۔

۵۔ نماز

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُالدِّیْنِ
(موطا)

نماز دین کا ستون ہے۔

۶۔ دعاء

اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ
(ترمذی)

دعاء عبادت کا مغز ہے۔

۷۔ تلاوتِ قرآن

اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ
(ترمذی)

قرآن کی تلاوت بہترین عبادت ہے۔

۸۔ روٹی اور کھانے کا احترام

اَکْرِمُوا الْخُبْزَ
(حاکم)

روٹی کی عزت کرو۔

۹۔ بازاروں میں کھانے کی ممانعت

اَلْاَکْلُ فِی السُّوْقِ دَنَاءَةٌ
(دیلمی)

بازار میں کھانا ہلکے پن کی نشانی ہے۔

۱۰۔ پانی پینے کا طریقہ

اِشْرَبُوْا الْمَآءَ اَعْیُنَکُمْ
(مسلم)

پانی دیکھ کر پیا کرو۔

۱۱۔ علم کا حاصل کرنا

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَ مُسْلِمَةٍ

علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ (مسلم)

۱۲۔ شرم وحیاء

اَلْحَيَآءُ مِنَ الْاِيْمَانِ (ترمذی)

حیاء ایمان کا جُز ہے۔

۱۳۔ ستھرائی ونفاست

تَنَظَّفُوْا فَاِنَّ الْاِسْلَامَ نَظِيْفٌ (ابن حبان)

صاف ستھرے رہو کیونکہ اسلام صاف ستھرا (مذہب) ہے۔

۱۴۔ ماں کا مقام

اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ (ابن حبان)

ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔

۱۵۔ باپ کا درجہ

اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ (مسند احمد)

باپ جنت کے دروازوں میں بیچ کا دروازہ ہے۔

۱۶۔ چچا اور خالہ کے مراتب

اَلْعَمُّ وَالِدٌ اَلْخَالَۃُ وَالِدَۃٌ (ابن سعد)

چچا کا مرتبہ باپ کے برابر ہے۔
خالہ کا مرتبہ ماں کے برابر ہے۔

۱۷۔ پڑوسی کے حقوق

لِلْجَارِ حَقٌّ (دیلمی)

پڑوسی کا بھی حق ہے۔

۱۸۔ بڑوں کا ادب

فَلَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا (طبرانی)

جو بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں۔

۱۹۔ اُخوت

اَلْمُسْلِمُ اَخُوْ الْمُسْلِمِ (ابوداؤد)

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔

۲۰۔ شیریں کلامی

اَلْکَلِمَۃُ الطَّیِّبَۃُ صَدَقَۃٌ (بخاری)

اچھی بات کرنا نیکی ہے۔

۲۱۔ بدزبانی

مَنْ بَذَا جَفَا (مسند احمد)

جس نے بدزبانی کی اس نے ظلم کیا۔

۲۲۔ خوش خُلقی

حُسْنُ الْخُلُقِ نِصْفُ الدِّیْنِ (دیلمی)

خوش خُلقی آدھا دین ہے۔

۲۳۔ رحم نہ کرنے کا نتیجہ

مَنْ لَّا یَرْحَمْ لَا یُرْحَمْ (مسلم)

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

۲۴۔ معاف کرنے کا فائدہ

خَیْرُ الْمَالِ الْعَفْوُ (دیلمی)

معاف کرنا بڑی دولت ہے۔

۲۵۔ غرور کا نتیجہ

مَنْ تَکَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ (دیلمی)

جو غرور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو گرا دیتے ہیں۔

۲۶۔عاجزی کی برکت

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَہُ اللّٰہُ

جو اللہ تعالیٰ کے واسطے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بلند کرتے ہیں۔

۲۷۔زیادہ ہنسی کا نقصان

کَثْرَۃُ الضِّحْکِ تُمِیْتُ الْقَلْبَ (دیلمی)

زیادہ ہنسی دل کو مردہ کرتی ہے۔

۲۸۔سچائی کی تاکید

قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا (مسند احمد)

سچ بات کہو اگرچہ وہ کڑوی معلوم ہو۔

۲۹۔جھوٹ کا نقصان

اَلْکِذْبُ یُنْقِصُ الرِّزْقَ (مسند احمد)

جھوٹ رزق گھٹا دیتا ہے۔

۳۰۔غصہ نہ کرنے کی تاکید

اِجْتَنِبُوا الْغَضَبَ (ابن ابی الدنیا القرشی)

غصہ سے پرہیز کرو۔

۳۱۔ غیبت کی برائی

اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ
(دیلمی)

غیبت قتل سے بڑھ کر ہے۔

۳۲۔ چغل خوری کا نتیجہ

لَایَدْ خُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ
(موطا)

چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۳۳۔ صبر کا فائدہ

اَلنَّصْرُ مَعَ الصَّبْرِ
(خطیب بغدادی)

صبر کے ساتھ (اللہ کی) مدد ہوتی ہے۔

۳۴۔ امانت داری کا بدلہ

اَلْاَمَانَۃُ عِزٌّ (دیلمی)

امانت داری عزت کا سبب ہے۔

۳۵۔ وعدہ

اَلْعِدَۃُ دَیْنٌ (ابونعیم)

وعدہ قرض (کے برابر) ہے۔

۳۶۔ سخاوت کا بدلہ

اَلْجَنَّةُ دَارُ الْاَسْخِيَآءِ

(ابن حبان)

جنت سخی لوگوں کا گھر ہے۔

۳۷۔ بخالت کا نقصان

اَلشَّحِيْحُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

(طبرانی)

جنت میں داخل نہ ہوگا بخیل۔

۳۸۔ رات کا کھانا نہ کھانے کا نقصان

تَرْكُ الْعَشَآءِ مَهْرَمَةٌ (دیلمی)

رات میں بھوکا سونا کمزور کرتا ہے۔

۳۹۔ عمل کا بدلہ

كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ

(ابن عدی)

جیسا کروگے ویسا بھروگے۔

۴۰۔ رات میں سونے کا حکم

تَوَضَّأْ وَارْقُدْ

باوضو سویا کرو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ

تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی
ایک عمدہ نمونہ پیروی کے لئے موجود ہے۔

(پ ۲۱۔ سورۃ الاحزاب ع ۳)

چہل حدیث

مرتبہ:

محمد عبدالکریم خادم
مدرسۂ اسلامیہ تحتانیہ نسواں

دکن ٹریڈرس بک سیلر اینڈ پبلیشرز مغل پورہ حیدرآباد
23-2-378,Mogalpura,Hyderabad,500 002